پہلا سمسٹر I Semester | ایم۔ایڈ (ریگولر) M.Ed Regular | مارچ 2023

پرچہ : تعلیم کے فلسفیانہ تناظرات

Paper - MMED111CCT : Philosophical Perspectives of Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks | Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i- علم معادیات (Eschatology) کا تعلق فلسفہ کی کس شاخ سے ہے؟

(a) مابعدالطبیعیات (b) نظریہ اقدار (c) علم منطق (d) فطریت

ii- علم ادراک (Perception) فلسفہ کی کس شاخ کے دائرے میں آتا ہے؟

(a) سماویات (b) تکوینیات (c) علمیات (d) عملیات

iii- ''فلسفہ تمام علوم کی ماں ہے'' یہ کس کا تجزیہ ہے؟

(a) ٹیگور (b) جان بروبیکر (c) جان ڈیوی (d) ڈی کارٹ

iv- ''فلسفہ ایک قدیم مخطوطہ کے ابتدائی اور آخری گمشدہ اوراق کی بازیافتگی کا نام ہے'' یہ کس مفکر کا انکشاف ہے؟

(a) جان لاک (b) ڈاکٹر جانسن (c) جالینوس (d) مولانا آزاد

v- پتانجلی کا تعلق کس سے ہے؟

(a) سانکھیہ (b) ویدانت (c) یوگا (d) ممامسہ

vi- ''فلسفہ شک کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ پھر بند نہیں کرتا''۔ یہ کس کا قول ہے؟

(a) روسو (b) مولانا آزاد (c) افلاطون (d) جان لاک

-vii کون سی قدر 'قومی اقدار (National Values) میں شامل نہیں ہے؟

(a) جمہوریت(Democracy) (b) اشتمالیت (Socialism)

(c) وفاقیت (Federalism) (d) غیر مذہبیت (Secularism)

-viii سورین کیر کیگارڈ کس فلسفہ کا بانی مانا جاتا ہے؟

(b) تصوریت (Idealism) (b) نوتعمیریت (Reconstructionism)

(c) وجودیت (Existentialism) (d) ترقی پسندیت (Progressiveism)

-ix تصنیف Republic (ریاست) کے اردو مترجم کا نام لکھیے۔

(a) سید مناظر احسن گیلانی (b) ابوالکلام آزاد (c) خواجہ غلام السیدین (d) ڈاکٹر ذاکر حسین

-x مشہور کتاب The Emile کے مصنف کون ہیں؟

(a) روسو (b) افلاطون (c) ڈاکٹر ذاکر حسین (d) فیثا غورث

حصہ دوم

2. تدریسیات (Pedagogy) کی تعریف کریں۔اس کے مختلف Approaches کی وضاحت کریں۔

3. اقدار کاملہ (Eternal Values) کیا ہیں؟ان کے تعلیمی مضمرات پر مختصر روشنی ڈالیں۔

4. فلسفہ وجودیت کے اصول کیا ہیں؟ واضح کریں۔

5. مابعد الطبیعیات (Metaphysics) کی تعلیمی افادیت بیان کریں۔

6. فلسفہ میں شک (Doubt) کی اہمیت کو اپنی تفہیم کی روشنی میں بیان کریں۔

7. ایک معلم علم کے فروغ میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟

8. پیشہ ورانہ تعلیم (Professional Education) اور ووکیشنل تعلیم (Vocational Education) میں فرق واضح کریں۔

9. جمالیاتی اقدار (Aesthetic Values) کیا ہیں؟ تعلیمی عمل میں ان کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

حصہ سوم

10. فلسفہ دانائی سے محبت کا نام ہے۔حصول دانائی کے لیے انسان کو کن فکری مدارج سے گزرنا لازمی ہے؟

11. فلسفہ اور عمرانیات (Sociology) کے درمیان تعلق پر اپنا موقف پیش کریں۔

12. تکثیری (Diversified) تدریس و اکتساب میں ہمہ ثقافتی (Multi-Cultural) تصور کی اہمیت اجاگر کریں۔

13. اسلامی تصور تعلیم کی وضاحت کریں۔نیز عصر حاضر میں اس کی معنویت پر روشنی ڈالیں۔

14. قدریات (Axiology) کے خاص مباحث کیا ہیں؟ تعارف اور تفہیم پیش کیجیے۔

☆☆☆